# اپنے گھر کو اچھی حالت میں رکھنا



خواہ آپ کرائے پر کوئی اپارٹمنٹ لے رہے ہوں یا آپ نے اپنے لئے کوئی جگہ خریدی ہو، جہاں آپ رہتے ہیں وہ ایک چھت اور چار دیواروں سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ یہ، آپ اور آپ کی فیملی کے لئے ایک گھر ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے کہ آپ کی فیملی زیادہ سے زیادہ آرام سے رہے، Canada Mortgage and Housing Corporation (CMHC) اس بارے میں درج ذیل مفید معلومات فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنے گھر کو اچھی حالت میں کس طرح رکھیں:

- اگر آپ کے پاس ائرکنڈیشنز ہے تو اسے اسی وقت استعمال کریں جب ضروری ہو اور جب یہ چالو ہو تو کھڑکیاں بند کر دیں۔ بصورت دیگر آپ گھر سے باہر کے حصہ کو ٹھنڈا کرنے کے لئے پیسے خرچ کر رہے ہیں ۔
- آپ جب غسل کر رہے ہوں یا شاور لے رہے ہوں تو باتھ روم کا پنکھا ہمیشہ چلائیں، اور آپ جب بھی کھانا پکا رہے ہوں تو کچن میں چولہے کا ایگزاسٹ فین چلادیں۔ اس سے ان چاہی نمی کو ختم کرنے اور بو کو کم سے کم کرنے میں مدد ملے گی
- بھیگے کپڑوں کو خشک کرنے کے لئے اپنے گھر کے اندر کبھی نہ لٹکائیں، سوائے اس کے کہ قریب ہی آپ ایک کھڑکی کھول دیں۔ اگر آپ کو یہ محسوس ہو رہا ہے کہ موسم سرما میں آپ کے گھر کے اندر ہوا خشک ہے تو آپ ہیومیڈیفائر استعمال کرسکتے ہیں یا پانی سے بھرا ایک کھلا کٹورا باہر رکھ دیں۔ موسم گرما میں، اگر آپ بیسمنٹ کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں، ہوا سے نمی کو ختم کرنے کے لئے آپ کو ڈی ہیومیڈیفائر استعمال کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔
- آتش دان کا استعمال نہ کریں سوائے اس کے کہ آپ اسے برتنا جانتے ہوں۔ اگر آپ نہیں جانتے ہیں کہ آتش دان کس طرح کام کرتا ہے تو اپنے مالک مکان یا سپرنٹینڈنٹ سے درخواست کریں کہ وہ آپ کو اسکا عملی استعمال سکھا دیں ۔
- کسی ایسے شخص کو اپنے گھر کی چابیوں کی کاپی نہ دیں جو آپ کے ساتھ نہیں رہتا ہے۔ اگر آپ کسی دوست کو اس مقصد سے کنجیاں دیں کہ آپ کی غیر موجودگی میں وہ آپ کی جگہ کی دیکھ بھال کرے تو گھر آنے کے بعد انہیں واپس لینا نہ بھولیں۔
- ہمیشہ شاور کا پردہ استعمال کریں، سوائے اس کے کہ آپ کے شاور میں کانچ کے گھیرے لگے ہوں۔ شاور کے پردے باتھ ٹب کے اندر لٹکتے ہیں تاکہ پانی کو فرش پر گرنے سے روکا جاسکے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کے اپارٹمنٹ میں کم سے کم ایک اسموک ڈیٹکٹر لگا ہوا ہو اور بیٹریاں ختم ہونے سے پہلے انہیں تبدیل کرنا نہ بھولیں۔ زیادہ تر اسموک ڈیٹکٹر سے آپ کو یہ بتانے کے لئے اس وقت بیپ کی آواز آئے گی جب بیٹریوں کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- کھلا کھانا یا کچرا باہر کبھی نہ چھوڑیں، کیونکہ اس سے کیڑے مکوڑے، چوہے اور دیگر حشرات راغب ہوسکتے ہیں ۔ نیز ایسے کسی بھی کوڑے سے چھٹکارا حاصل کریں جس کی فی الواقع آپ کو ضرورت نہیں ہے اور اپنے گھر کو برابر اچھی طرح صاف کریں ۔

67339 23-06-11 Keeping Your Home in Good Condition (Urdu version)

CMHC SCHL
HOME TO CANADIANS

Canada

- اگر آپ کے پاس اسپیس ہیٹر ہے تو اپنے مالک مکان یا سپرنٹینڈنٹ سے درخواست کریں کہ وہ آپ کو دکھائیں کہ اسے کس طرح استعمال کریں ۔ اسپیس ہیٹر میں بہت زیادہ بجلی استعمال ہوتی ہے اس لئے انہیں چلانا مہنگا ہوسکتا ہے۔ اسپیس ہیٹر خطرناک بھی ہوسکتے ہیں، خاص طور پر اگر آپ کے چھوٹے بچے ہوں۔
- اگر آپ کے چولہے میں ٹائمر لگا ہوا ہو تو یقینی بنائیں کہ آپ نے اسے ٹھیک طور پر سیٹ کیا ہے۔ اگر آپ غلط وقت سیٹ کر دیں گے تو یہ چولہے کو اس وقت چالو کر دے گا جب آپ اسے چالو کرنا نہیں چاہتے ہیں۔ اس سے چولہا خراب ہوسکتا ہے یا اگر چولہا اس وقت چالو ہو جاتا ہے جب آپ گھر پر نہ ہوں تو آگ بھی لگ سکتی ہے۔
- اگر آپ کا اپارٹمنٹ موسم سرما میں بہت زیادہ گرم ہے تو، کھڑکیاں کھولنے کے بجائے، تھرمواسٹیٹ کو دھیما کرنے کی کوشش کریں ۔ تھرمواسٹیٹ ایک چھوٹا سا ڈائل یا پینل ہے جو آپ کو اپنے گھر کے اندر درجۂ حرارت پر کنٹرول رکھنے کا موقع دیتا ہے۔ تھرمواسٹیٹ کو دھیما کرنے سے آپ کو توانائی اور پیسے بچانے میں مدد مل سکتی ہے ۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں تھرمواسٹیٹ نہیں ہے تو سپرنٹینڈنٹ سے درخواست کریں کہ وہ آپ کے لئے درجۂ حرارت بدل دے۔

یاد رکھیں: آپ کا مالک مکان آپ کی عمارت کو محفوظ اور قابل رہائش رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ اس میں نظام حرارت، پلمبنگ، بجلی، تالے، دیوار، فرش، اندرونی چھتیں، آگ کو بڑھنے سے روکنے کے لئے بنائے گئے دروازے، آگ لگنے کی صورت میں باہر نکلنے کے راستے، انٹرکام اور ایلیویٹر کی مرمت اور ان کی دیکھ بھال شامل ہیں۔ آپ کا مالک مکان ایسی کسی چیز کے لئے بھی ذمہ دار ہے جو آپ کے اپارٹمنٹ کے ساتھ آتی ہے اور جو آپ کے کرائے میں شامل ہے جیسے فریج اور چولہا، کپڑے دھونے کی سہولیات، سامان رکھنے کے شیڈ اور گیراج ۔

لیکن اپنے اپارٹمنٹ کو اچھی حالت میں رکھنے کے لئے اپنے حصہ کا کام کرکے آپ اس وقت تک کے لئے اپنے گھر کو محفوظ، آرام دہ اور مامون رکھنے میں مدد دے سکتے ہیں جب تک کہ آپ وہاں رہنا چاہیں۔

ہاؤسنگ سے متعلق مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی Canada Mortgage and Housing Corporation سے www.cmhc.ca/newcomers پر رابطہ کریں